**27.01.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................محمد عمار

**Music**

☆ اتراکھنڈ یکساں سول کوڈ نافذ کرنے والی پہلی ریاست بن گئی ہے، جس کے تحت درج فہرست قبیلوں کو چھوڑ کر سبھی شہریوں کیلئے شادی، طلاق، وراثت اور جائیداد کے معاملات میں یکساں اور برابر کے ضابطوں کا اطلاق ہوگا۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نئی دلی میں سالانہ NCC پی ایم ریلی سے خطاب کرنے والے ہیں۔

☆ عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کجریوال نے دلی کے لوگوں کے لیے کئی گارنٹیوں کا اعلان کرتے ہوئے پارٹی کا انتخابی منشور جاری کیا ہے۔

☆ امریکہ نے ہرطرح کی غیرملکی امداد روک دی ہے اور امریکی مالی امداد پر نظرثانی کا حکم دیا ہے۔

☆ اور...... آج شام اوڈیشہ کے راؤرکیلا میں مردوں کی ہاکی انڈیا لیگ میں دو میچ کھیلے جائیں گے۔

اب خبریں تفصیل سے............

**Uttrakhand UCC**

اتراکھنڈ میں آج سے یکساں سول کوڈ نافذ ہورہا ہے۔ اِس طرح کا قانون نافذ کرنے والی اتراکھنڈ پہلی ریاست ہے۔ وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے کہا ہے کہ ضابطوں کی منظوری اور باضابطہ تربیت سمیت سبھی تیاریاں پوری کرلی گئی ہیں۔ یکساں سول کوڈ کا مقصد سبھی شہریوں کے لیے برابر کے حقوق کو یقینی بناتے ہوئے ذاتی سول قوانین کو معقول بنانا ہے۔ جناب دھامی نے کہا کہ یکساں سول کوڈ کے تحت پرسنل سول معاملات سے متعلق سبھی قوانین میں یکسانیت لانے کی کوشش کی گئی ہے، جن میں ذات، مذہب اور مرد و عورت کی بنیاد پر تفریق کی جاتی ہے۔

**PM NCC RALLY**

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں، **Cariappa** پریڈ گراؤنڈ میں نیشنل کیڈٹ کور **NCC** کی سالانہ **PM** ریلی سے خطاب کرنے والے ہیں۔ اس سال کی ریلی کا موضوع ہے ''یوا شکتی وِکست بھارت''۔

ریلی کے دوران، 800 سے زیادہ کیڈٹس، ایک ثقافتی پروگرام پیش کریں گے، جس میں ملک کی تعمیر کے تئیں NCC کے عزم کا اظہار کیا جائے گا۔ اِس کے علاوہ اِس ریلی میں، 18 دوست ملکوں کے، 144 نوجوان کیڈٹس بھی حصہ لیں گے۔
ریلی میں، پورے ملک کے 650 سے زیادہ رضاکار بھی، خصوصی مہمانوں کے طور پر شرکت کریں گے۔

## PM World Leaders

وزیراعظم نریندر مودی نے کل بھارت کے 76ویں یوم جمہوریہ کے موقع پر مبارکباد کے لیے عالمی رہنماؤں کا شکریہ ادا کیا ہے۔ فرانس کے صدر Emmanuel Macron کے سوشل میڈیا پوسٹ پر پیغام کے جواب میں جناب مودی نے کہا کہ وہ پیرس میں ہونے والی AI Action سربراہ کانفرنس میں اُن سے ملاقات کے منتظر ہیں۔
آئرلینڈ کے وزیراعظم Micheal Martin کے سوشل میڈیا پوسٹ کے جواب میں جناب مودی نے کہا کہ انہیں اعتماد ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان دوستی کے مضبوط رشتے آنے والے وقت میں مزید مضبوط ہوں گے۔

## Delhi Election

عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کجریوال نے دلی چناؤ سے قبل قومی راجدھانی کے لوگوں کے لیے کئی طرح کی گارنٹیوں کا اعلان کرتے ہوئے پارٹی کا انتخابی منشور جاری کیا ہے۔ آج نئی دلی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے جناب کجریوال نے پھر سے اقتدار میں آنے پر اگلے پانچ سال میں 15 گارنٹیاں پوری کرنے کا وعدہ کیا۔ اِن میں روزگار کے مواقع، علاج کے لیے سنجیونی اسکیم، ہر خاتون کے لیے اکیس سو روپے ماہانہ کا مالی فائدہ اور پانی کے پرانے بل معاف کرنا شامل ہے۔ انہوں نے بی جے پی اور کانگریس پر دلی کے لوگوں سے جھوٹے وعدے کرنے کا الزام لگایا۔
اِدھر بی جے پی نے عام آدمی پارٹی پر دلت مخالف ہونے کا الزام لگایا ہے۔ ایک پریس کانفرنس میں بی جے پی کے سرکردہ لیڈر سمبت پاترا نے الزام لگایا کہ پنجاب کے امرتسر میں ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے مجسمے کی بے حرمتی کی گئی ہے۔ انہوں نے اِس حرکت کو شرمناک قرار دیا اور کہا کہ اس واقعے سے ریاست میں امن وقانون کی صورتحال کی عکاسی ہوتی ہے۔ جناب پاترا نے پارٹی کے کنوینر اروند کجریوال سے معافی مانگنے کا مطالبہ کیا۔

## Punjab Pak

سرحدی حفاظتی فورس BSF نے پچھلے سال جنوری سے لے کر اِس سال 26 جنوری تک پچھلے ایک سال کے عرصے میں پنجاب سرحد پر 5 پاکستانی دراندازوں کو ہلاک کیا اور پاکستان سے بھارتی علاقے میں چوری چھپے داخل ہونے کی کوشش کے دوران 30 پاکستانی شہریوں کو حراست میں لیا۔ امرتسر میں کل شام میڈیا کے ساتھ گفتگو کے دوران BSF کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ستیش Khandare نے بتایا کہ اِسی عرصے کے دوران BSF نے 101 بھارتی اسمگلروں کو بھی حراست میں لیا۔

## Jaishankar UAE Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سے متحدہ عرب امارات کے تین دن کے دورے پر رہیں گے۔ اپنے دورے کے دوران ڈاکٹر جے شنکر وہاں کے لیڈروں سے ملاقات کریں گے، تاکہ دونوں ملکوں کے درمیان قریبی شراکت داری کا جائزہ لیا جا سکے اور باہمی تعلقات کو مزید وسعت دینے کے لیے نئے راستے تلاش کیے جا سکیں۔
وزارت خارجہ نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ اس دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان اہمیت کی حامل جامع شراکت داری کو آگے لے جانے کا ایک موقع فراہم ہوگا اور تعلقات کو نئی رفتار ملے گی۔

## FOREIGN SECRETARY BEIJING

خارجہ سیکریٹری وِکرم مِسری چین کے دو دن کے دورے پر بیجنگ پہنچ گئے ہیں۔ وزارت خارجہ نے بتایا کہ جناب مِسری بھارت اور چین کے درمیان، دوطرفہ طریقۂ کار کے تحت میٹنگ میں شرکت کریں گے۔
اُدھر چین نے خارجہ سکریٹری کے دورے کا خیرمقدم کیا ہے اور اِس کے نتائج کے بارے میں پُرامیدی کا اظہار کیا ہے۔ چین نے کہا ہے کہ لداخ میں فوجی محاذآرائی کے معاملے پر چار سال سے جاری تعطل کے بعد دونوں ملکوں کے سرکردہ رہنماؤں اور اہلکاروں کے درمیان رابطوں کے تناظر میں اُن کا یہ دورہ ہورہا ہے۔

## Bharat Parv

یوم جمہوریہ کی تقریبات کے حصے کے طور پر نئی دلّی کے لال قلعہ میں بھارت پَرو کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ بھارت پَرو 31 جنوری تک عوام کیلئے کھلا رہے گا۔ بھارت پَرو میں لوگ یوم جمہوریہ کی پریڈ میں حصہ لینے والی جھانکیوں کی جھلک دیکھ سکتے ہیں۔ بھارت پرو میں فوجی بینڈس کی پرفارمنس، ریاستی اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے Troupes کی ثقافتی پرفارمنسز، اسٹوڈیو کچن کے پکوان اور کرافٹ بازار نیز ریاستی حکومتوں اور مرکزی وزارتوں کے پویلین لوگوں کی توجہ کے اہم مرکز ہیں۔ اس سال کے بھارت پرو کا موضوع ہے ''دیکھو اپنا دیش''۔

## MAHAKUMBH No Vehicle Zone

اترپردیش حکومت نے پریاگ راج کے پورے مہاکمبھ علاقے میں گاڑیوں کے داخلے پر پوری طرح پابندی عائد کردی ہے۔ 29 جنوری کو مونی اماوسیہ کے موقع پر لوگوں کی بڑی تعداد میں آنے کے امکان کے پیش نظر یہ فیصلہ کیا گیا ہے، تاکہ بلا رکاوٹ ان کی آمد ورفت کو یقینی بنایا جاسکے۔ کنٹرول اور کمان سے متعلق مربوط مرکز، لوگوں کی بڑی بھیڑپر نظر رکھنے کے لیے سرگرم ہوگیا ہے، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ سنگم کے مقام پر بہت زیادہ تعداد میں لوگ اکٹھا نہ ہوں۔ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے بھیڑ بھاڑ والے علاقے میں فوری مدد فراہم کرنے والی ٹیموں کو تعینات کیا گیا ہے۔

## US Foreign AID

امریکہ نے، تمام غیر ملکی امداد کو روک دیا ہے اور دیگر ملکوں کو دی جانے والی امریکی مالی مدد پر نظرثانی کا حکم دیا ہے۔ اُس نے امریکہ مقدم ایجنڈے کے تحت اپنی خارجہ پالیسی کو مؤثر اور ہم آہنگ ہونے کو یقینی بنانے کیلئے ایسا کیا ہے۔ امریکہ کا یہ اقدام، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ذریعہ اس سلسلے میں ایک ایگزیکیٹو آرڈر پر دستخط کئے جانے کے بعد سامنے آیا ہے۔ امریکی وزارت خارجہ کی ترجمان **Tammy Bruce** نے کہا کہ صدر ٹرمپ نے واضح طور پر کہا ہے کہ امریکہ اب آنکھ بند کرکے کسی بھی ملک کو مالی امداد فراہم نہیں کرے گا، جس کے بدلے میں امریکی عوام کو کچھ بھی حاصل نہ ہو۔ محنت کرنے والے ٹیکس دہندگان کی ایما پر غیر ملکی امداد کا جائزہ لینا نہ صرف درست عمل ہے، بلکہ یہ اخلاقی طور پر ضروری بھی ہے۔

## Dhaka-University

ڈھاکہ یونیورسٹی، جو کہ بنگلہ دیش میں سیاسی سرگرمیوں کا مرکز ہے، نے کل رات یونیورسٹی کے طلباء اور ڈھاکہ کالج اور دیگر **6** کالجوں کے طلباء کے درمیان جھڑپ کے سبب تمام کلاسز اور امتحانات ملتوی کردیئے ہیں، جو آج منعقد ہونے تھے۔ طلباء کے درمیان ہوئی جھڑپ اور طلباء کو منتشر کرنے کیلئے پولیس کے لاٹھی چارج سے کئی طالب علم زخمی ہوگئے۔ بنگلہ دیش کے سرحدی حفاظتی دستے **BGB** کے تعلقات عامہ کے افسر شریف الاسلام نے تصدیق کی ہے کہ پولیس کے ساتھ ساتھ بنگلہ دیش کے سرحدی حفاظتی دستے کی چار ٹکڑیوں کو تعینات کیا گیا ہے، کیونکہ دونوں طرف کے طلباء نے کئی گھنٹوں تک ایک دوسرے کا تعاقب کیا۔ ڈھاکہ یونیورسٹی کے تعلقات عامہ کے افسر محمد رفیق الاسلام نے کہا کہ حکام نے ناگزیر حالات کی وجہ سے تمام امتحانات اور کلاسز کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا۔

## Srilanka Corruption

سری لنکا میں سابق صدر مہندا راج پکسا کے بیٹے **Yoshitha** راج پکسا کو کولمبو کی مجسٹریٹ کی عدالت نے ضمانت دے دی ہے۔ انہیں املاک کی خرید سے وابستہ بدعنوانی کے الزامات میں فوجداری جانچ محکمے **CID** نے گرفتار کیا تھا۔

انہیں سری لنکا کی کرنسی میں **5** کروڑ روپے کے دو مچلکوں پر ضمانت دی گئی ہے۔ حکام نے کولمبو کے نزدیک **Ratmalana** کے مقام پر زمین خریدنے کے معاملے میں تحقیقات کے تحت ہفتے کے روز **Beliatta** میں بحریہ کے سابق افسر کو حراست میں لیا تھا۔ اِس معاملے کا تعلق مبینہ طور پر **3** کروڑ **40** لاکھ روپے کے ناجائز فنڈ سے ہے۔

## US COLUMBIA DEPORTATION

کولمبیا نے، اپنے شہریوں کو واپس لانے کے لیے صدارتی طیارہ، **Honduras** بھیجا ہے۔ کولمبیا کے صدر، **Gustavo Petro** نے ایک بیان میں کہا کہ وہ اپنے ساتھی شہریوں کو، باوقار طریقے سے واپس لانے کے لیے ایک صدارتی طیارہ فراہم کریں گے۔ اِس سے پہلے، انہوں نے امریکہ سے نکالے گئے، اپنے شہریوں کے لیے امریکی پروازوں کو قبول کرنے سے انکار

کر دیا تھا، جس کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، **25** فیصد محصولات اور پابندیاں لاگو کر دی تھیں۔ جناب ٹرمپ نے کہا کہ کولمبیا سے، امریکہ آنے والی سبھی اشیاء پر محصولات فوری طور پر لاگو کر دیے جائیں گے اور ایک ہفتے کے اندر اندر، اِن **25** فیصد محصولات کو بڑھا کر **50** فیصد کر دیا جائے گا۔ دونوں ملکوں کے درمیان کشیدگی میں اضافہ اُس وقت ہوا جب کولمبیا کے صدر، **Gustavo Petro** نے اپنی طرف سے اعلان کیا کہ اُن کی حکومت، امریکہ سے نکالے گئے، کولمبیائی شہریوں کو لانے والی، امریکی فضائیہ کی دو پروازوں کو قبول نہیں کرے گی۔ یہ کولمبیائی شہری، امریکہ میں غیر قانونی طور پر رہ رہے تھے۔

## HOCKEY HIL

اوڈیشہ کے راؤڑکیلا میں آج شام مردوں کی ہاکی انڈیا لیگ میں شراچی راڑھ بنگال ٹائیگرس کا مقابلہ دلی **SG** پائپرس سے ہوگا۔ یہ میچ شام چھ بجے شروع ہوگا۔ ایک اور میچ میں **JSW** سورما کلب کا سامنا ویدانتا کلنگا لینسر سے ہوگا۔ یہ میچ رات سوا آٹھ بجے شروع ہوگا۔ اِدھر خواتین لیگ میں کل رانچی میں کھیلے گئے فائنل میں اوڈیشہ وارئرس نے **JSW** سورما ہاکی کلب کو دو-ایک سے ہراکر پہلے ٹورنامنٹ کا ٹائٹل جیت لیا۔

## Tennis Open Occitanie

**Occitanie** اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں بھارت کے یوکی بھامبری اور کروشیا کے اُن کے ساتھی کھلاڑی **Ivan Dodig** آج شام فرانس میں مردوں کے ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں **Mark Wallner** اور **Jakob Schnaitter** کی جرمنی کی جوڑی کا سامنا کریں گے۔ یہ میچ رات آٹھ بجکر **40** منٹ پر شروع ہوگا۔

## Chess Tata steel

نیدرلینڈ میں جاری ٹاٹا اسٹیل شطرنج ماسٹرس **2025** کے آٹھویں راؤنڈ میں کل گرینڈ ماسٹر آر پرگنا نندھا اور عالمی چمپئن ڈی گوکیش کے درمیان مقابلہ برابری پر ختم ہوا۔ ایک اور مقابلے میں بھارت کے-ارجن اریگاسی کا مقابلہ بھی سربیا کے **Alexey Sarana** کے ساتھ ڈرا پر ختم ہوا۔

## Cricket-U-19 Women

**19** سال سے کم عمر کے خواتین کے آئی سی سی **T20** عالمی کپ میں، بھارت کی ٹیم کل کوالالمپور کے **Bayuemas Oval** اسٹیڈیم میں بنگلہ دیش کو آٹھ وکٹ سے ہرا کر سیمی فائنل میں پہنچ گئی۔ کل اسی مقام پر بھارت کی ٹیم، سُپر **Six** کے اپنے آخری مقابلے میں اسکاٹ لینڈ کا سامنا کرے گی۔

☆☆☆